بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب / س / ۲ / ۸ / ۲۰۱۸ مورخہ ۱۸ / نومبر ۲۰۱۹

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری،
حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = مشترکہ قرارداد نمبر ۱۷

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس مورخہ ۱۵/نومبر ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ مشترکہ قرارداد نمبر ۱۷ منجانب ملک نصیر احمد شاہوانی اور نصر اللہ خان زیرے اراکین اسمبلی ہمراہ اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے

مشترکہ قرارداد

ہرگاہ کہ حال ہی میں وفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان میڈیکل کمیشن آرڈیننس 2019ء جاری کیا گیا جس میں نہ صرف صوبائی نمائندگی کو یکسر نظرانداز کیا گیا بلکہ صوبوں کو نمائندگی سمیت پالیسی سازی میں بھی شامل نہیں کیا گیا جو بدنیتی پرمبنی پالیسی کا پیش خیمہ ہے چونکہ مذکورہ کمیشن میں صوبہ کے عوام کے مفادات کا تحفظ نہیں کیا گیا ہے جو قابل افسوس اور قابل مذمت ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ پاکستان میڈیکل کمیشن آرڈیننس 2019 کو فوری طور کالعدم قرار دے کر پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل جو ملک کی تمام اکائیوں پر مشتمل ایک قومی ادارہ تھا کی بحالی کیلئے فوری اقدامات اُٹھائے تاکہ وفاقی اور دیگر قومی اداروں میں صوبائی نمائندگی کو یقینی بنایا جانا ممکن ہو سکے۔

صفدر حسین

معتمد،

نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) ملک نصیر احمد شاہوانی اور نصر اللہ خان زیرے اراکین اسمبلی/محرکین قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد
۴) جناب پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) جناب وزارت صحت، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) جناب سیکرٹری محکمہ صحت، حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جناب سیکرٹری محکمہ قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبرپختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت بلتستان۔

قادر بخش شاہوانی

شریک معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner